# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ سوشیالوجی)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

### مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 08-01-2027 | مشق نمبر1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-02-2027 | مشق نمبر2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: دیہی ترقی (305) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: ایف اے کریڈٹ: 6

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر ۱

### (یونٹ:۱ تا ۴)

سوال نمبر1۔ حکمتِ عملی سے کیا مراد ہے؟ دیہی ترقی کے لئے صنعتی ترقی پر زور دینا کیوں ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر2۔ امداد کسے کہتے ہیں؟ دیہی ترقی میں حکومتی امداد کی کیا اہمیت ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ بڑے کنبے کا کفیل ہونے کے ناطے پاکستانی کاشتکاروں کو کیا مسائل درپیش ہیں؟ (20)

سوال نمبر4۔ دیہی پروگرام سے کیا مراد ہے؟ پاکستان میں دیہی ترقی کے لئے متعارف ہونے والے پروگراموں میں سے کسی ایک کو تفصیلاً بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ دیہی ترقی کے لئے مقامی سطح پر لوکل سیلف گورمنٹ کیا کردار ادا کرتی ہے؟ (20)

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر ۲

### (یونٹ:۵ تا ۹)

سوال نمبر1۔ پیشہ ورانہ تربیت کی تعریف کریں اور دیہی ترقی میں اس کی اہمیت اور ضرورت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ معاشرتی تصورات سے کیا مراد ہے؟ بنیادی معاشرتی تصورات پر نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ مختلف مسائل کے حل کے لئے تحقیق کی اہمیت کو تفصیلاً بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ دیہی ترقی کے لئے تعلیمی شعبوں میں مختلف ذرائع ابلاغ کا کردار تفصیلاً بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ منصوبہ بندی کی مختلف اقسام پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)